Text of Morning Urdu News Bulletin

Time 09:25 AM

Dated: 21 July 2026

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارشوں، اچانک آئے سیلاب اور چٹانیں کھسکنے کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔

اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹیننٹ گورنر نے ڈوڈہ ضلع میں 2 قیمتی انسانی جانوں کے زیاں پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کے ساتھ تعزیت کی ہے۔ ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہا نے پونچھ میں موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں 7 افراد کے جان بحق ہونے پر سخت صدمے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ متاثرہ کنبوں کو فوری امداد فراہم کی جانی چاہئے۔

وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ جموں و کشمیر میں پچھلے چند دنوں سے ہوئی مسلسل بارشوں کے نتیجے میں پیدا شدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے بچاو

---

اور بحالی کارروائیوں میں سرعت لائی جانی چاہئے۔ انہوں نے کل دلی سے ایک ویڈیو ۓ کانفرنسنگ کے ذریعے سیلاب سے متاثرہ اضلاع کی تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے عوام کے مال و جان کو تحفظ فراہم کرنے کو ترجیح دینے کی ہدایت دی۔

DC's

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے موجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر امکانی حالات سے نمٹنے کیلئے متعلقہ محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کل

سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران موسم سے متعلق پیشگوئی کو مدِنظر رکھتے ہوئے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلع میں موسمی حالات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی امکانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے متعلقہ محکموں کو تیاری کی حالت میں رہنے کی ہدایت دی ہے۔

بانڈی پورہ کی ڈپٹی کمشنر اندو کنول چِب نے کل ضلع کے حساس علاقوں کا دورہ کر کے وہاں ناسازگار موسم سے پیدا ہونے والے امکانی حالات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

فضل الحسیب

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے کل سرینگر شہر خاص کر پائین علاقوں کا دورہ کرکے وہاں جمع ہوئے بارش کے پانی کی نکاسی کے عمل کا جائزہ لیایہ بات قابل ذکر ہے کل صبح کی موسلادھار بارشوں کے بعد شہر کے بیشتر علاقے زیرآب آگئے تھے۔

حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2027 کے لئے درخواستیں جمع کرنے اور قرعہ اندازی کی آخری تاریخ میں توسیع کرکے اسے 24 جولائی تک بڑھایا ہے۔ اس سلسلے میں جموں و کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکیٹو افسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

............ Byte............

ایل جی ملاقات

پمبچھ کلچرل ہیریٹیج
فاو

---

نڈیشن کے ڈائریکٹرز سپرنا سپرو اور گوپی سپرو نے کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ۂ
ملاقات کی اور کلچر سے جڑے کئی معاملات پر
ا

---

ن کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران سینئر بی جے پی لیڈر مرتضیٰ احمد خان نے ایل جی سے ±
ملاقات کر کے راجوری اور پونچھ میں سیلاب سے پیدا شدہ صورتحال کے بارے میں انہیں
نے بھی ایل جی کے Tawab Ajaz جانکاری دی۔ بی جے پی یوتھ ڈسٹرکٹ سیکریٹری سرینگر
ساتھ ملاقات کی۔

کشمیر یونیورسٹی کے سکول آف لاءکے طالب علموں پر مشتمل ایک وفد نے لیفٹیننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے مطالبات کی ایک یاداشت پیش کی۔

بُک فیسٹیول

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں چنار
ب

---

ک فیسٹیول جاری ہے۔ فیسٹیول کے چوتھے دن آج بھی کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔ بڑی ± تعداد میں کتب بینی کے شائقین
ب

---

ک فیسٹیول سے استفادہ کر رہے ہیں۔±

یاترا معطل

موسم سے متعلق محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے تناظر میں شری امرناتھ جی یاترا کو آج بھی معطل رکھا گیا ہے۔ ہمارے کولگام کے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ آج بھی کسی بھی یاتری کو جموں سے سرینگر آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد ہی لیا جائے گا۔ اس دوران بھارتی محکمہ موسمیات نے جموں و کشمیر میں آج بھاری بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر کل بارشوں کے نتیجے میں کئی مقامات پر پسیاں گر آنے کے باوجود آج شاہراہ ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے کھلی ہے۔ تاہم ڈرائیوروں اور مسافروں کو انتہائی احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید کا حوالہ دیکر خبر دی ہے کہ شاہراہ پر پسیاں ہٹانے کا کام جاری ہے۔ ٹریفک پولیس نے لوگوں سے اس شاہراہ پر آج غیر ضروری سفر کرنے سے اجتناب کرنے کی اپیل کی ہے۔

سجاد خان

معروف ریڈیو اور ٹی وی اداکار سجاد خان کے انتقال پر ادبی مرکز کمراز نے بھی صدمے کا اظہار کیا ہے۔ مرکز کے صدر محمد امین بٹ نے مرحوم کی فنکارانہ صلاحیت کو یاد کرتے

ہوئے
ا

---

ن کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کی۔±

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاسے گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ